## مسلم اسٹوڈینٹس فیڈریشن (ن) کے سابقہ صدر طارق محمود بٹ نے ایم کیو ایم میں شمولیت اختیار کر لی

فیصل آباد۔۔۔27 نومبر 2010ء

مسلم اسٹوڈینٹس فیڈریشن (ن) کے سابقہ مرکزی صدر اور ایگزیکٹو ایڈیٹر روزنامہ فیصل آباد و معروف کالم نگار طارق محمود بٹ نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی فکر و فلسفے اور ایم کیو ایم کی عملی جدوجہد سے متاثر ہو کر متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت اختیار کر لی۔ طارق محمود بٹ نے ایم کیو ایم میں شمولیت کا اعلان فیصل آباد زون آفس کے دورے کے موقع کیا اور انہوں نے باقاعدہ رکنیت سازی کا فارم بھی بھرا۔ اس موقع پر فیصل آباد زونل کمیٹی کے انچارج منور حفیظ شاہد نے کہا کہ یہ قائد تحریک الطاف حسین کے نظریہ حقیقت پسندی و عملیت پسندی کی سچائی ہے کہ آج دوسری جماعتوں کے افراد اپنے جماعت چھوڑ کر الطاف حسین کو ملک کا مسیحا سمجھتے ہوئے جوق در جوق شمولیت اختیار کر رہے ہیں۔ انہوں نے طارق محمود بٹ کی ایم کیو ایم میں شمولیت کا خیر مقدم کیا اور انہیں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ انشاء اب وہ دن دور نہیں جب پاکستان میں بسنے والے غریب و متوسطہ کے لوگوں کی ملک میں حکمرانی ہوگی۔

## ایم کیو ایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔27 نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 158 کے کارکن علاؤالدین کی والدہ محترمہ قریشیہ بیگم، فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 147 کے کارکن عدنان مقصود کے والد مقصود حفیظ اور سیکٹر نیو کراچی یونٹ 135/A کے کارکن شفیق قریشی کے بڑے بھائی محمد سلیم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے تمام لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا کرے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ (آمین)

## محبان پاکستان اوورسیز متحدہ عرب امارات کے اراکین کی یادگارِ شہداء اور شہداء قبرستان پر حاضری

کراچی۔۔۔27 نومبر 2010ء

ایم کیو ایم محبانِ پاکستان اوورسیز متحدہ عرب امارات سے آئے ہوئے سینٹرل کمیٹی کے اراکین کے نمائندہ وفد نے ایم کیو ایم کے تحت تعمیر ہونیوالی یادگار شہداء حق اور شہداء قبرستان میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کے بڑے بھائی ناصر حسین، بھتیجے عارف حسین اور ایم کیو ایم کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق شہید سمیت شہداء کی قبروں حاضری دی اور فاتحہ خوانی کی۔ اس موقع پر حق پرست رکن قومی اسمبلی شیخ صلاح الدین، انچارج محبانِ پاکستان کراچی امتیاز طاہر سمیت کمیٹی کے دیگر ارکان بھی موجود تھے۔ بعد ازاں وفد کے ارکان نے ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین کی صحت و تندرستی اور درازی عمر کیلئے خصوصی دعا بھی کی۔

☆☆☆☆☆